نیو یارک سٹی
ابتدائی مداخلت
کا پروگرام
جتنا جلد، اتنا بہتر

معاون ٹیکنالوجی:
آپ کے بچے کو سیکھنے اور کھیلنے میں مدد دینے والے آلات

معاون ٹیکنالوجی کے آلات ابتدائی مداخلت کے پروگرام میں شامل شیر خوار اور چھوٹے بچوں کو کھیلنے، سیکھنے اور دوسروں کے ساتھ بات چیت کرنے میں مدد دیتے ہیں۔ آلات سادہ یا پیچیدہ ہو سکتے ہیں۔ ان میں شامل ہیں:

- سماعتی آلات
- بات کرنے اور سمجھنے میں بچوں کی مدد کرنے کے لیے ٹولز
- جن بچوں کو دیکھنے میں پریشانی ہے ان کے لیے روشنیوں اور آوازوں والے کھلونے
- حرکتی تاخیر کا شکار بچوں کے لیے مخصوص اسٹرولرز، اسٹینڈرز، واکرز اور بریسز
- خاص چمچے یا پیالیاں جن سے آپ کے بچے کو روزمرہ کی سرگرمیوں میں مدد مل سکتی ہے

مزید جاننے کے لیے، اپنے ابتدائی مداخلت کے معالج سے بات کریں۔

اگر آپ اور آپ کے ابتدائی مداخلت کے معالج اس بات پر متفق ہوں کہ معاون ٹیکنالوجی کا کوئی آلہ آپ کے بچے اور خاندان کے لیے موزوں ہو سکتا ہے تو:

- آپ کی تحریری اجازت کے ساتھ، آپ کی ابتدائی مداخلت کی ٹیم کا ایک رکن ہر آلے کے لیے نسخہ حاصل کرنے کی غرض سے آپ کے فیملی ہیلتھ کیئر فراہم کنندہ سے رابطہ کرے گا۔
- اس کے بعد آپ کی ٹیم درخواست جمع کرائے گی۔
- ابتدائی مداخلت کے عملے کی جانب سے درخواست کی منظوری کے بعد، ایک وینڈر آپ کے اور آپ کے معالج کے ساتھ مل کر آپ کے بچے کے لیے موزوں آلے کا انتخاب کرے گا اور ضرورت کے مطابق اس کی فٹنگ کرے گا۔
- آلہ موصول ہونے کے بعد، وینڈر اور آپ کا معالج آپ کو اسے محفوظ طریقے سے استعمال کرنے کا طریقہ سکھائیں گے۔

یہ جاننے کے لیے کہ آپ کے بچے کے لیے کیا بہتر ہے، مختلف آلات کو آزما کر دیکھیں۔

کچھ آلات بہت پیچیدہ ہو سکتے ہیں، لیکن اکثر آپ کے بچے کے لیے بہترین آلہ بہت سادہ ہو سکتا ہے، جیسے بڑے ہینڈل والا چمچہ۔

ADAPT Community Network مفت میں مختلف معاون ٹیکنالوجی کے آلات کے بارے میں جاننے میں آپ کی مدد کر سکتا ہے۔ کچھ آلات آپ کے شیر خوار یا چھوٹے بچے کے لیے آزمانے کی غرض سے قلیل مدتی ادھار پر دستیاب ہو سکتے ہیں۔ اپنے ابتدائی مداخلت کے معالج کے ہمراہ، یا آپ خود بھی اپنی ضروریات کے بارے میں بات کرنے یا تجربہ کار عملے سے آلات کے بارے میں جاننے کے لیے اپائنٹمنٹ لینے کی خاطر ADAPT Community Network سے 718-436-7979 (ایکسٹنشن 5024) یا **techworks@adaptcommunitynetwork.org** پر رابطہ کر سکتے ہیں۔



NYC Health

تصویر © 2015 منجانب رفٹن ایکوپمنٹ۔ اجازت لے کر استعمال کی گئی۔